## سوال

موبائل سے اسلامی میسجز کو ڈیلیٹ کرنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آج کل ہم لوگ موبائل کا استعمال بہت زیادہ کرتے ہیں، اگر اس نیت سے کہ کسی کو کچھ فائدہ ہوجائیں موبائل پر اسلامی میسج مثلا" قرآن کی آیات یا حدیث شریف یا کوئی اور اسلامی میسج اگر کسی کو سینڈ کرتے ہیں اور وہ اس میسج کو ڈیلیٹ کریں تو کیا اس میں گناہ ہے ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ یہ ایک مجبوری ہے، ورنہ میموری فل ہوجانے پر کوئی نیا میسج نہیں آئے گا۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے آپ موبائل بند کردیں، یا آپ گھر کے کمپیوٹر سے کوئی تلاوت وغیرہ ڈیلیٹ کردیں یا کمپیوٹر بند کردیں۔ لیکن یاد رہے کہ ڈیلیٹ کرنے میں نفرت یا بغض شامل نہیں ہونا چاہیئے، بلکہ احترام کے پیش نظر یہ امر انجام دینا چاہیئے۔
ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث